سوال

(579)اخیافی بہن بھائیوں کی وراثت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو آدمی ہیں ایک کا باپ فوت ہوگیا اور دوسرے کی ماں فوت ہوگئی۔ جس کا باپ فوت ہوا تھا تو اس کی ماں نے اس کے باپ کے ساتھ نکاح کرلیا جس کی ماں فوت ہوئی تھی۔

اب جن دونوں کا نکاح ہوا تھا ان سے اولاد پیدا نہیں ہوئی تھی کہ خاوند فوت ہوگیا۔ اب جو عورت زندہ ہے اس کی وراثت سے اس آدمی کو کتنا حصہ ملے جس کی پہلے ماں فوت ہوئی تھی۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت فرمادیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کا سوال ہے ''اب جو عورت زندہ ہے اس کی وراثت سے اس آدمی کو کتنا حصہ ملے گا جس کی پہلے ماں فوت ہوئی تھی'' جواب یہ ہے کہ اس کو کچھ بھی نہیں ملے گا کیونکہ وہ زندہ عورت اس کی ماں نہیں صرف اس کے باپ کی بیوی ہے۔

ہاں اس آدمی کو زندہ عورت کے خاوند کی جائیداد سے حصہ ملے گا کیونکہ یہ اس کا بیٹا ہے اور زندہ عورت کا خاوند اس آدمی کا باپ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

وراثت کے مسائل ج1ص401

محدث فتویٰ